SECURITIES AND EXCHANGE
COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**
For immediate release
August 10, 2026

# SECP Issues Practical Guide to Facilitate Corporate Sukuk Issuance




**ISLAMABAD, Augus 10:** The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has issued "A Practical Guide and Toolkit for Corporate Issuers" to standardize Sukuk structures and documentation, making corporate Sukuk issuance simpler, faster and more cost effective.

The initiative, in line with the Ministry of Finance's direction to deepen Pakistan's corporate debt market, aims to enable more companies to raise Shariah compliant financing through the capital market. During the last fiscal year, 72 Sukuk issuances raised around Rs. 307 billion, reflecting the growing significance of Islamic financing in Pakistan's capital market.

The guidebook provides a step by step explanation of the Sukuk issuance process, covering regulatory requirements, standardized structures, model transaction flows, sample applications and illustrative legal documents. It is expected to reduce legal and structuring complexities, transaction costs and issuance timelines, particularly for first time issuers.

Developed through SECP's regulatory experience and consultations with its Shariah Advisory Committee, industry experts, legal practitioners and market participants, the guidebook also addresses a key recommendation of the Corporate Debt Market Survey regarding the need for standardized Sukuk structures and documentation.

SECP expects the initiative to broaden financing options for companies and support the development of Pakistan's corporate debt and Islamic capital markets.

**SECURITIES AND EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN**

**PRESS RELEASE**
For immediate release
August 10, 2026

# کارپوریٹ سکوک کے اجراء کو آسان بنانے کے لیے ایس ای سی پی کی عملی گائیڈ جاری




اسلام آباد، 10 اگست: سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے کمپنیوں کے لیے سکوک کے اجراء کو آسان، تیز اور کم لاگت بنانے کے لیے "اے پریکٹیکل گائیڈ اینڈ ٹول کٹ فار کارپوریٹ ایشوورز" جاری کر دی ہے۔ گائیڈ میں سکوک کے معیاری اسٹرکچرز اور ضروری دستاویزات فراہم کی گئی ہیں تاکہ کمپنیوں کو سکوک کے اجراء میں آسانی ہو۔

یہ اقدام وزارت خزانہ کی ہدایات کے مطابق پاکستان کی کارپوریٹ ڈیٹ مارکیٹ کو فروغ دینے اور کمپنیوں کے لیے کیپٹل مارکیٹ سے شریعہ کمپلائنٹ فنانسنگ کے حصول کے مواقع بڑھانے کی کوششوں کا حصہ ہے۔ گزشتہ مالی سال کے دوران 72 سکوک کے اجراء کے ذریعے تقریباً 307ارب روپے کا سرمایہ حاصل کیا گیا، جو پاکستان کی کیپٹل مارکیٹ میں اسلامی فنانسنگ کی بڑھتی ہوئی اہمیت کو ظاہر کرتا ہے۔

نئی گائیڈ بک میں سکوک جاری کرنے کا مکمل طریقہ کار آسان اور مرحلہ وار انداز میں بیان کیا گیا ہے۔ اس میں ریگولیٹری تقاضے، معیاری سکوک اسٹرکچرز، ٹرانزیکشن فلو، نمونہ درخواستیں اور قانونی دستاویزات شامل ہیں۔ اس سے سکوک کے اجراء میں قانونی اور دیگر پیچیدگیوں، اخراجات اور درکار وقت میں کمی آئے گی، بالخصوص ان کمپنیوں کے لیے جو پہلی مرتبہ سکوک جاری کرنا چاہتی ہیں۔

گائیڈ بک ایس ای سی پی کے ریگولیٹری تجربے اور شریعہ ایڈوائزری کمیٹی، صنعت کے ماہرین، قانونی ماہرین اور مارکیٹ کے دیگر شراکت داروں سے مشاورت کے بعد تیار کی گئی ہے۔ یہ اقدام کارپوریٹ ڈیٹ مارکیٹ سروے کی اس اہم سفارش پر بھی عمل درآمد ہے جس میں سکوک کے معیاری اسٹرکچرز اور عملی دستاویزات کی ضرورت کی نشاندہی کی گئی تھی۔

ایس ای سی پی کو توقع ہے کہ اس اقدام سے مزید کمپنیوں کو شریعہ کمپلائنٹ ذرائع سے سرمایہ حاصل کرنے میں سہولت ملے گی اور پاکستان کی کارپوریٹ ڈیٹ اور اسلامی کیپٹل مارکیٹس کو فروغ حاصل ہوگا۔